وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ

اور جانو کہ جو کچھ مال غنیمت حاصل کیا تم نے، تو اللہ کا پانچواں حصہ ہے اور

لِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ

رسول کا، اور ان کے قرابت مندوں کا اور یتیموں کا، اور مسکینوں کا اور مسافروں کا۔

اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا یَوْمَ الْفُرْقَانِ

اگر مان گئے ہو اللہ کو، اور جو اتارا ہم نے اپنے بندہ پر چھٹائی کے دن،

یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ

جس دن دونوں فریق میں جنگ کی مڈبھیڑ ہوئی، اور اللہ ہر چاہے پر قادر ہے ● جب کہ تم

بِالْعُدْوَةِ الدُّنْیَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰی وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ

اِس طرف والے کنارہ پر، اور وہ اُس طرف والے کنارہ پر ہیں، اور قافلہ تم سے نشیب

مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِی الْمِیْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّیَقْضِیَ

میں۔ اور اگر تم لوگ خود وقت جنگ کو بدلتے، تو آگے پیچھے ہو جاتے وعدہ کے وقت پر، لیکن تا کہ پورا فرما دے

اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَیِّنَةٍ وَّ

اللہ اس کام کو جو ہونہار تھا۔ تا کہ جو تباہ ہو وہ دلیل سے تباہ ہو، اور

یَحْیٰی مَنْ حَیَّ عَنْۢ بَیِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾ ۙ اِذْ

جو زندگی پائے وہ دلیل سے پائے۔ اور بے شک اللہ ضرور سننے والا علم والا ہے ● جب کہ

یُرِیْكَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ قَلِیْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ

دکھا رہا ہے اللہ تم کو تمہارے خواب میں انھیں تھوڑا، اور اگر تم کو دکھایا ہوتا انھیں بہت، تو ضرور دل کے چھوٹے

وَلَتَنَازَعْتُمْ فِی الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ

تم ہو جاتے، اور ضرور معاملہ میں جھگڑا ڈال دیتے، لیکن اللہ نے محفوظ رکھا۔ بیشک وہ سینہ میں چھپی باتوں

الصُّدُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَاِذْ یُرِیْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَیْتُمْ فِیْٓ اَعْیُنِكُمْ قَلِیْلًا وَّ

کا جاننے والا ہے ● اور جبکہ دکھا رہا ہے تم کو جس وقت تم لوگ بھڑ گئے، انھیں تمہاری آنکھوں میں تھوڑا، اور

یُقَلِّلُكُمْ فِیْٓ اَعْیُنِهِمْ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ؕ وَاِلَی

تھوڑا تم کو کرتا ہے انکی آنکھوں میں، تا کہ پورا فرما دے اللہ اُس کام کو جس کو ہونا ہی ہے۔ اور

اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۴۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً ع ۵ ۷

اللہ ہی کی طرف ہر کام لوٹائے جاتے ہیں ● اے وہ جو ایمان لا چکے! جب بھڑ گئے تم فریق مقابل سے،

فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

تو ڈٹ جاؤ، اور اللہ کا ذکر بہت کرو، کہ تم کامیاب ہو جاؤ ● اور کہا مانو اللہ کا

وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ

اور اسکے رسول کا، اور باہم جھگڑا نہ نکالا کرو، کہ چھوٹ دلے ہو جاؤ گے، اور جاتی رہے گی تمہاری بندھی ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ

اور صبر سے کام لیتے رہو، بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ● اور مت ہو جاؤ ان کی طرح جو نکلے

دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَاۗءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ

اپنے گھروں سے اتراتے اور لوگوں کو دکھاتے، اور روک رہے ہیں اللہ کی راہ سے۔

وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ

اور اللہ ان کے کرتوت پر چھائے ہے ● اور جب سجا دیا ان کے حق میں شیطان نے ان کے کاموں کو،

وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّىْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا

اور کہہ دیا کہ آج کوئی بھی تم سے جیتنے والا نہیں لوگوں میں، اور میں تمہارا ضامن ہوں۔ پھر

تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰي عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ

جب آمنے سامنے ہو گئے دونوں لشکر، تو بھاگا اپنے پیٹھ پیچھے، اور بولا کہ میں الگ ہوں تم سے، بے شک

اِنِّىْٓ اَرٰي مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾ ع ۶ ۷

میں وہ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، بیشک میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔ اور اللہ سخت عذاب فرمانے والا ہے ●

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَاۗءِ

جب بکا کریں منافق لوگ، اور وہ جن کے دلوں میں بیماری ہے، کہ مغرور کر دیا ہے ان مسلمانوں کو

دِيْنُهُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَلَوْ

اُن کے دین نے، اور جو بھروسہ رکھے اللہ پر، تو بیشک اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے ● اور اگر تم دیکھو

تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ الْمَلٰۗىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ

جب میعاد زندگی اِن کی جنھوں نے کفر کیا، پوری کرتے ہیں فرشتے، طمانچے گھونسے لگاتے ہیں انکے منہ

وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

اور پیٹھ پر، کہ اور چکھو عذاب آگ کا● یہ سزا ہے جو تمہارے ہاتھوں نے

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۵۱﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ

پہلے کیا، اور بے شک اللہ نہیں ہے ظالم، بندوں پر● جیسا ڈھنگ تھا فرعونیوں کا،

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ

اور جو ان سے پہلے تھے، کہ انکار کر دیا اللہ کی آیتوں کا، تو پکڑا ان کو اللہ نے ان کے گناہوں کے بدلے۔

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ

بے شک اللہ قوی ہے سخت عذاب فرمانے والا ہے● یہ یوں کہ بے شک اللہ نہیں بدلا

مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَ

کرتا کسی نعمت کو، جو کسی قوم کو انعام فرما دیا، یہاں تک کہ وہ اپنے آپ کو بدل دے۔ اور

اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ

بے شک اللہ سننے والا علم والا ہے● جیسے دستور تھا فرعونیوں، اور ان سے

قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَاۤ

پہلوں کا، جھٹلایا اپنے پروردگار کی آیتوں کو، تو تباہ کر دیا ہم نے ان کو ان کے گناہوں کی سزا میں، اور ڈبو دیا

اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ

فرعونیوں کو۔ اور سب ہی اندھیر والے تھے● بے شک بُرے جانور اللہ کے یہاں ہیں

اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ

جنھوں نے انکار کیا، تو پھر مانتے ہی نہیں● جن سے تم نے معاہدہ کیا

مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾

پھر وہ عہد شکنی ہر بار کرتے رہتے ہیں، اور نہیں ڈرتے●

فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ

پس اگر گرفتار کر پاؤ ان کو لڑائی میں، تو ان کی مار کاٹ سے بھگا دو جو ان کے پیچھے ہیں، کہ شاید

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ

انھیں نصیحت ہو● اور اگر ڈرو کسی قوم سے خیانت کرنے کو، تو پھینک دو معاہدہ ان کی طرف،

عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ ع ۱۰ ۳

برابر برابر۔ بیشک اللہ نہیں پسند فرماتا دغابازوں کو● اور اس گھمنڈ میں نہ رہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ

وہ جو کافر ہوئے، کہ بچ کر نکل گئے۔ بیشک وہ تھکا نہ پائینگے گرفتار کرنے والے کو● اور تم لوگ ان کافروں کے

مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ

لئے تیار رہو جو کچھ تم سے ہو سکے، زور سے، اور گھوڑا باندھنے سے، جس سے دھاک بٹھا رہے ہو،

عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ

اللہ کے دشمن اور اپنے دشمن پر، اور دوسرے اور لوگوں پر۔ جنھیں تم جانتے نہیں۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ

اللہ ان کو جانتا ہے۔ اور جو کچھ خرچ کرو اللہ کی راہ میں، پورا پورا دیا جائے گا

اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا

تمہیں، اور تم ظلم نہ کئے جاؤ گے● اور اگر وہ لوگ صلح کی خواہش کریں، تو تم صلح کو منظور کرلو،

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۱﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ

اور اللہ پر بھروسہ رکھو۔ بے شک وہی سننے والا علم والا ہے● اور اگر چاہیں کہ دھوکہ دیں تم

يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَ

کو، تو بلاشبہ تمہارے لئے اللہ کافی ہے۔ وہی ہے جس نے تائید فرمائی تمہاری اپنی مدد سے اور

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ

ایمان والوں سے● اور الفت ڈال دی اُن کے دلوں میں۔ اگر خرچ کر ڈالتے جو کچھ زمین میں ہے

جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ

سب، تو بھی الفت نہ پاتے ان کے دلوں میں، لیکن اللہ نے الفت پیدا کر دی ان میں۔

اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ

بیشک وہ غلبہ والا حکمت والا ہے● اے آنحضرت! "بالکل کافی ہے تمہیں اللہ اور جو پیچھے چلے تمہارے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾ ع ۱۰ ۴ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى

ایمان والے"● اے آنحضرت! "ابھارو اپنے ماننے والوں کو،

الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ

جہاد پر، اگر تم میں ہوں گے بیس صبر آزما، تو جیتیں گے دوسو کو۔

وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور اگر تم سو ہوئے، تو جیتو گے ایک ہزار کافروں کو۔

بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ

کیونکہ وہ لوگ بے کچھ سمجھے لڑتے ہیں● اب ہلکا کر دیا اللہ نے تم سے، اور

عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ

کھل گیا کہ تم میں کمزوری ہے۔ تو اگر تمہارے ایک سو صابر ہوں، تو جیتیں

يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ

گے دوسو کو۔ اور اگر ہوں گے تمہارے ایک ہزار، تو جیتیں گے دو ہزار کو،

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ

اللہ کے حکم سے۔ اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے● یہ کسی نبی سے نہ ہوا کہ

يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ

اس کے ہوں قیدی لوگ، یہاں تک کہ خون ریزی کی دھوم مچا دے زمین میں۔ تم لوگ چاہتے ہو

الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْلَا كِتٰبٌ

دنیا کی پونجی۔ اور اللہ پسند فرماتا ہے آخرت کو۔ اور اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے● اگر اللہ کا لکھا

مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۶۸﴾ فَكُلُوْا

آگے نہ آتا، تو پہنچ جاتا تم لوگوں کو جو تم نے لیا ہے اس سلسلہ میں بڑا دکھ● تو کھاؤ

مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾ ع ۹/۵

جو مال غنیمت تم نے پایا حلال طیب۔ اور اللہ کو ڈرتے رہو، بے شک اللہ غفور رحیم ہے●

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ

اے آنحضرت! تم کہہ دو جو قیدی ہیں تمہارے ہاتھ میں، کہ اگر پالیا

اللّٰهُ فِىْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ

اللہ نے تمہارے دلوں میں نیک نیتی کو، تو دے گا تم کو بہتر اس سے جو لیا گیا ہے تم سے، اور بخش دے گا

لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ

تم کو، اور اللہ غفور رحیم ہے ● اور اگر انھوں نے تم سے دغا کی، تو

خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

پہلے بھی دغا کر چکے ہیں اللہ سے، تو اس نے گرفتار کرا دیا انھیں۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے ●

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ

بے شک جو ایمان لائے، اور ہجرت کی، اور جہاد کیا اپنے مال وجان سے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ

اللہ کی راہ میں، اور جنھوں نے ٹھکانہ دیا، اور مدد کی، وہ لوگ ایک دوسرے

اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ

کے وارث ہیں۔ اور جنھوں نے ایمان قبولا اور ہجرت نہ کی، نہیں ہے تمہارا

وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ

ان کی وراثت میں کچھ، یہاں تک کہ ہجرت کریں۔ اور اگر مدد مانگیں تم سے

فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ

دین کے معاملہ میں، تو تم پر واجب ہے مدد کرنا، مگر بمقابلہ اس قوم کے، کہ تمہارے اور ان کے درمیان

مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۷۲﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کوئی معاہدہ ہے۔ اور اللہ جو کرو دیکھنے والا ہے ● اور جنھوں نے کفر کیا،

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ

ان میں ایک دوسرے کے وارث ہیں۔ اگر تم نے یہ نہ کیا، تو ہوگا فتنہ زمین میں،

وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿۷۳﴾ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ

اور بڑا فساد ● اور جو ایمان لائے، اور ہجرت کی، اور جہاد کیا،

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

اللہ کی راہ میں، اور جنھوں نے ٹھکانا دیا اور مدد کی، وہی ماننے والے ہیں

حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۴﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ

حق۔ انکے لئے بخشش ہے اور عزت کی روزی ہے ● اور جو ایمان لائے اب

بَعْدُ وَ هَاجَرُوْا وَ جٰهَدُوْا مَعَكُمْ فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ؕ وَ اُولُوا

پیچھے سے اور ہجرت کی، اور جہاد کیا تمہارے ساتھ، تو وہ تم میں سے ہیں۔ اور

الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

رشتہ والے ایک دوسرے سے زیادہ قریبی ہیں، اللہ کی کتاب میں۔ بے شک

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۵﴾ ع

اللہ سب کچھ کا جاننے والا ہے●

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۳ ۹ | سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ | اٰيَاتُهَا ۱۲۹ رُكُوْعَاتُهَا ۱۶

سورۃ توبہ مدنیہ آیات ۱۲۹ رکوع ۱۶

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ

دست برداری ہے اللہ اور اس کے رسول کی، جن عہد شکن مشرکین سے تم نے

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱﴾ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ اعْلَمُوْۤا

معاہدہ کیا تھا● کہ چل پھر لو زمین میں چار مہینے، اور معلوم رہے

اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲﴾ وَ

کہ تم نہیں تھکا سکتے اللہ کو اور بے شک اللہ کافروں کو رسوا فرمانے والا ہے● اور

اَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ

کھلا اعلان ہے اللہ اور اس کے رسول کا لوگوں تک، حج اکبر کے دن،

اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَ رَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ

کہ بے شک اللہ بیزار ہے مشرکوں سے۔۔ اور اس کا رسول، تو اگر تم لوگوں نے توبہ کرلی، تو یہی

خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ؕ وَ

بھلا ہے تمہیں۔ اور اگر منہ پھیرے رہے تو جانے بوجھے رہنا، کہ تم نہ تھکا پاؤ گے اللہ کو۔ اور

بَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ

خبر دے دو جنھوں نے انکار کیا، دکھ دینے والے عذاب کا● مگر جن مشرکین سے تم نے

الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّ لَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ

معاہدہ کیا، پھر انھوں نے کچھ نہیں کمی کی، اور نہ پیٹھ پر ہاتھ رکھا، تمہارے مقابلہ پر

اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

کسی کے، تو پورا کرلو ان کے معاہدہ کو میعاد تک۔ بے شک اللہ پسند فرماتا ہے

الْمُتَّقِيْنَ ۝٤ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ

پرہیزگاروں کو● پھر جب گزر جائیں حرمت والے مہینے، تو قتل کردو مشرکین کو

حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ

جہاں تم ان کو پاجاؤ، اور انھیں پکڑو، اور انھیں قید کرلو، اور بیٹھ جاؤ انکے لئے

كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

ہر تاک کی جگہ پر۔ پھر اگر انھوں نے توبہ کرلی اور نماز قائم کرنے لگے، اور زکوٰۃ ادا کیا کئے،

فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ

تو چھوڑ دو ان کی راہ۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے● اور اگر کوئی

الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ

مشرک پناہ مانگے تمہاری، تو پناہ دو، یہاں تک کہ وہ سن لے کلام اللہ کو، پھر اس کو پہنچادو

مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ ع ١٦/٧

اس کے ٹھکانے، یہ اس لئے کہ یہ لوگ بے علم ہیں● کس طرح مشرکین کا

عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ

کوئی عہد اللہ اور اس کے رسول کے یہاں ہو، مگر جن سے تمہارا معاہدہ مسجد حرام کے

الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

پاس ہوا۔ تو جب تک وہ اس پر تمہارے لئے جمے رہیں، تم بھی انکے لئے قائم رہو، بیشک اللہ محبوب

الْمُتَّقِيْنَ ۝٧ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا

رکھتا ہے پرہیزگاروں کو● کیسی بات حالانکہ وہ چڑھ پائیں تم پر، تو نہ دیکھیں تمہاری کوئی قرابت،

وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ

نہ کوئی عہد۔ خوش کریں تم کو اپنی زبانی باتوں سے، اور ان کے دل نہیں مانتے۔ اور ان میں اکثر

فٰسِقُوْنَ ۝٨ اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ

نافرمان ہیں● لے لیا اللہ کی آیتوں کے بدلے قیمت ذلیل چیز کو، پھر روک پیدا کی اللہ کی راہ سے۔

إِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝٩ لَا يَرْقُبُونَ فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَّلَا

بے شک ان کے برے کرتوت رہے ● پرواہ نہ کریں مومن کے حق میں کسی رشتہ کا اور نہ

ذِمَّةً ۭ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ ۝١٠ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ

معاہدہ کا، اور وہی لوگ سرکش ہیں ● پھر اگر انھوں نے توبہ کرلی اور نماز قائم کرلی،

وَآتَوُا الزَّكٰوةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ ۭ وَنُفَصِّلُ الْآيٰتِ لِقَوْمٍ

اور زکوٰۃ دیا کئے، تو تمہارے بھائی ہیں دین میں، اور ہم تفصیل فرماتے ہیں آیتوں کی انکے لئے

يَّعْلَمُونَ ۝١١ وَإِنْ نَّكَثُوٓا أَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوا

جو علم رکھتے ہیں ● اور اگر توڑ ڈالا اپنی قسموں کو عہد کرنے کے بعد، اور چوٹ شروع کردی

فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُوٓا أَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ إِنَّهُمْ لَآ أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ

تمہارے دین میں، تو مار ڈالو کفر کے سرغنوں کو۔ بے شک ان کی کوئی قسم نہیں، کہ اب

يَنْتَهُونَ ۝١٢ أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَّكَثُوٓا أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ

تو رُکیں ● کیا نہ قتل کرڈالو گے ان کو جنھوں نے اپنی قسمیں توڑیں، اور سازش کی

الرَّسُولِ وَهُمْ بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ أَحَقُّ

رسول کے نکالنے کی، اور انھیں نے ابتدا کی تم سے پہلی بار۔ کیا تم انھیں ڈرتے ہو؟ تو اللہ زیادہ حق دار ہے

أَنْ تَخْشَوْهُ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ۝١٣ قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

کہ اس سے ڈرو، اگر اس کے ماننے والے ہو ● جہاد کرو ان سے، عذاب دے گا ان کو اللہ

بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ

تمہارے ہاتھوں سے، اور انھیں رسوا کریگا۔ اور تمہاری مدد فرمائیگا ان پر۔ اور آرام دیگا مسلمان قوم

مُّؤْمِنِينَ ۝١٤ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۭ وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ

کے سینوں کو ● اور دور کردے گا ان کے دلوں کے غصے کو، اور توبہ قبول فرمالیتا ہے اللہ جس کی

يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝١٥ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ

چاہے۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے ● کیا تم نے خیال کرلیا کہ چھوڑ دیئے جاؤ گے؟ حالانکہ

اللّٰهُ الَّذِينَ جٰهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا مِنْ دُونِ اللّٰهِ وَ

اللہ نے ابھی معلوم نہیں کرایا جنھوں نے تم میں سے جہاد کیا۔ اور نہیں بنایا اللہ و

لَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾

رسول اور قوم مسلم کو چھوڑ کر، کوئی راز دار۔ اور اللہ باخبر ہے جو کرتے ہو●

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى

مشرکین کا کام نہیں ہے کہ آباد کریں مسجدیں اللہ کی، گواہی دیتے ہوئے

اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۖۚ وَفِى النَّارِ هُمْ

اپنے اوپر کفر کی۔ ان لوگوں کا کیا دھرا اکارت ہو گیا۔ اور دوزخ ہی میں وہ

خٰلِدُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

ہمیشہ رہنے والے ہیں● اللہ کی مسجدیں وہ آباد کرتے ہیں، جو ایمان لے آئے اللہ پر اور پچھلے دن

الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى

پر اور قائم کی نماز اور دی زکوٰۃ، اور نہ ڈرا سوا اللہ کو، تو قریب ہے کہ

اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٨﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ

وہ ہدایت والے ہوں● کیا بنا دیا تم لوگوں نے حاجی کو پانی

وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ

پلانا اور مسجد حرام کو آباد کرنا، اس شخص کی طرح، جو ایمان لایا اللہ پر اور پچھلے دن پر، اور

جٰهَدَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى

جہاد کیا اللہ کی راہ میں۔ یہ سب برابر نہیں ہیں اللہ کے نزدیک، اور اللہ راہ نہیں دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِىْ

اندھیر مچانے والی قوم کو--●-- جو لوگ ایمان لائے، اور ہجرت کی، اور جہاد کیا

سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

اللہ کی راہ میں، اپنے مال وجان سے، ان کا بہت بڑا درجہ ہے اللہ کے نزدیک۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿٢٠﴾ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ

اور وہی لوگ بامراد ہیں● ان کو خوشخبری دیتا ہے ان کا رب، اپنی رحمت اور

رِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿٢١﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

خوشنودی کی، اور جنتوں کی، جس میں انکے لئے نعمت ہے دوامی● ہمیشہ ہمیش رہنے والے اس میں۔

إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ أَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٢﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا

بیشک اللہ، اس کے یہاں بڑا اجر ہے● اے وہ جو ایمان لا چکے! نہ بناؤ

اٰبَآءَكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَآءَ إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْإِيْمَانِ ۭ

اپنے باپ دادوں کو اور اپنے بھائیوں کو دوست، اگر انھوں نے پسند کرلیا کفر کو ایمان پر۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ إِنْ

اور جو دوستی رکھے ان کی تم میں سے، تو وہی ہیں اندھیر کرنے والے● کہہ سنادو، کہ اگر

كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَأَبْنَآؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ

ہیں تمہارے باپ دادے اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہارے جوڑے اور تمہارا کنبہ،

وَأَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ

اور وہ مال جس کو کمار کھا ہے تم نے اور دکان داری، کہ ڈرا کرتے ہو جس کی کساد بازاری کو، اور گھر

تَرْضَوْنَهَآ أَحَبَّ إِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ

جو تمہیں پسند ہیں، سب زیادہ پیارے ہیں تمہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے،

فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَأْتِيَ اللّٰهُ بِأَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

تو انتظار کرو یہاں تک، دے اللہ سزا۔ اور اللہ راہ نہیں دیتا

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ ع لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ ع ٣ ٨ ٩

نافرمان قوم کو● بے شک ضرور مدد فرمائی تمہاری اللہ نے بہتیری جگہوں میں، اور حنین

حُنَيْنٍ ۙ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ

کے دن، جبکہ خوش کر دیا تھا تم کو تمہاری کثرت نے، تو نہ بنا سکی وہ کثرت تمہارے لئے کچھ، اور تنگ ہوگئی

عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ أَنْزَلَ

تم پر زمین باوجود اپنی وسعت کے، پھر پیٹھ دکھا کر پھر گئے تم● اس کے بعد اتارا

اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَنْزَلَ جُنُوْدًا

اللہ نے سکون کو اپنے رسول پر اور مسلمانوں پر۔ اور اتارا ان لشکروں کو جن

لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦﴾

کو تم لوگوں نے نہیں دیکھا۔ اور عذاب بھیجا کفر کرنے والوں پر۔ اور یہ سزا ہے کافروں کی●

ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

پھر توبہ قبول فرمالے اللہ اس کے بعد جس کی چاہے۔ اور اللہ غفور

رَّحِيْمٌ ۝٢٧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا

رحیم ہے● اے وہ جو ایمان لا چکے! مشرکین نرے ناپاک ہیں، تو

يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ

نزدیک نہ آنے پائیں مسجد حرام کے، اِس سال کے بعد۔ اور اگر تمہیں ڈر ہے

عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

محتاجی کا، تو جلد دھنی بنادے گا تم کو اللہ اپنے فضل سے، انشاء اللہ۔ بے شک اللہ

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٢٨ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ

دانا حکیم ہے● قتل کردو جو نہ مانیں اللہ کو اور نہ پچھلے دن

الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

کو، اور نہ حرام جانیں جس کو حرام فرمادیا اللہ اور اس کے رسول نے، اور نہ قبول کریں

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ

دین برحق کو، جن کو کتاب بھی دی گئی تھی، یہاں تک کہ دیں جزیہ

عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝٢٩ ع وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ِۨابْنُ اللّٰهِ ع ١٠

اپنے ہاتھ سے ذلیل ہوکر● اور ڈینگ لی یہود نے، کہ عزیر اللہ کے بیٹے ہیں۔

وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ

اور جھک مارا عیسائیوں نے، کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہیں۔ یہ ان کی زبانی پھیں ہیں۔

يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى

برابری کررہے ہیں بات میں ان کی جو کافر تھے پہلے۔ خدا ان کو غارت کرے! کہاں

يُؤْفَكُوْنَ ۝٣٠ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ

اوندھائے ہیں● بنا رکھا ہے اپنے پادریوں اور اپنے پوپوں کو اللہ کو چھوڑ کر

اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ

رب، اور مسیح ابن مریم کو، اور وہ مامور نہیں کئے گئے، مگر یہ کہ پوجیں معبود کو جو ایک ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٣١﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا

نہیں ہے کوئی پوجنے کے قابل سوا اسکے، پاک ہے وہ اس سے جسکو شریک بناتے ہیں● چاہتے ہیں کہ بجھا دیں

نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ

اللہ کا نور اپنی پھونک سے، اور اللہ کو نامنظور ہے، مگر یہ کہ پورا کر دکھائے اپنا نور، گو بُرا مانیں

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ

کافر لوگ● وہی ہے کہ بھیجا اپنے رسول کو ہدایت، اور دین برحق کے ساتھ،

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ الصف

تا کہ غالب فرما دے اسے سارے دینوں پر، گو تلملا اٹھیں مشرک لوگ● اے وہ

اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ

جو ایمان لا چکے! بے شک بہتیرے پادری اور جوگی، کھا جاتے ہیں لوگوں کے مال کو

النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ

ناحق، اور روکیں اللہ کی راہ سے۔ اور جو لوگ

يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ

اکٹھا کریں سونا اور چاندی کو، اور نہ خرچ کریں اسے اللہ کی راہ میں۔

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣٤﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ

تو خبر دے دیجئے انھیں دکھ دینے والے عذاب کی● جس دن وہ سب تپایا جائے گا جہنم کی آگ میں،

فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ

پھر داغ دیئے جائینگے اس سے انکی پیشانیاں، اور انکی کروٹیں، اور انکی پشت۔ یہ ہے، کہ جس کو خزانہ

لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ

بنایا تھا تم نے اپنا، اب چکھو جو اکٹھا کیا کرتے تھے● بے شک مہینوں کا شمار

عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں کتاب الٰہی میں۔ جس دن سے پیدا فرمایا تھا آسمانوں کو

وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا

اور زمین کو، ان میں سے چار محترم ہیں۔ یہ ہے سیدھا قانون۔۔ تو

تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَ قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا

اندھیر نہ کرو ان مہینوں میں اپنے اوپر، اور جہاد کرو مشرکین سے سب، جس طرح

يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ

وہ جنگ کرتے ہیں تم سے سب۔ اور جان لو کہ اللہ اپنے ڈرنے والوں کے ساتھ ہے● مہینہ کو ٹالنا،

زِيَادَةٌ فِى الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّ

صرف نہ ماننے میں بڑھ جانا ہے، اس سے گمراہ کیا جاتا ہے ان کو جو کافر ہیں، کہ حلال قرار دیں ایک برس اور

يُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ

حرام جانیں دوسرے برس، تاکہ برابر کردیں چار کی گنتی کو جنھیں حرمت دی اللہ نے، کہ حلال کرلیں جسکو حرام کیا

اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ ع ۱۱

اللہ نے۔ انھیں اچھی لگی اپنی بداعمالی۔ اور اللہ راہ نہیں دیتا کافر قوم کو●

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِىْ سَبِيْلِ

اے وہ جو ایمان لا چکے! تمہیں کیا ہوا کہ جب کہا گیا تم کو کہ چل پڑو اللہ کی راہ میں،

اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ

تو بوجھ بن کر زمین پر گر پڑتے ہو۔ کیا تم پسند کرتے ہو دنیاوی زندگی کو

الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۳۸﴾

آخرت سے، تو دنیاوی زندگی کی پونجی آخرت میں محض تھوڑی سی ہے●

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ

اگر تم لوگ کوچ نہ کروگے، تو عذاب دیگا تم کو دکھ والا عذاب۔۔ اور لے آئیگا تمہارے بدلے دوسری قوم

وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ

تمہارے سوا، اور نہ بگاڑ پاؤ گے اسکا کچھ۔ اور اللہ ہر چاہے پر قادر ہے● اگر تم لوگ نبی کی مدد نہ

فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِىَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا

کروگے، تو بیشک انکی مدد تو اللہ نے کی ہے، جبکہ انکو نکالنے کی سازش کی تھی جنھوں نے کفر کیا تھا، دو جان،

فِى الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ

جبکہ دونوں غار میں ہیں، جب کہتے ہیں اپنے صحابی سے کہ رنج نہ کرنا، یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ تو اتار دیا

اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ

اللہ نے اپنی تسلی کو ان پر، اور مضبوط کر دیا ان کو ان لشکروں سے جن کو تم لوگوں نے نہیں دیکھا، اور کر دیا

الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

کافروں کے بول کو نیچا۔ اور اللہ ہی کا بول بالا ہے۔ اور اللہ غلبہ والا

حَكِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ

حکمت والا ہے● کوچ کرو خواہ ہلکے پھلکے اور خواہ بھرے بھرے، اور جہاد کرو اپنے مال و جان سے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾ لَوْ كَانَ

اللہ کی راہ میں۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر بوجھو● اگر ہوتا

عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ

آس پاس کا مال اور سفر معتدل، تو وہ سب ساتھ ہوتے تمہارے۔ لیکن دور لگی انھیں

الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ يُهْلِكُوْنَ

دشوار مسافت، اور بہت جلد قسم کھائینگے اللہ کی، کہ اگر ہم سکت رکھتے تو ضرور نکلے ہوتے تمہارے ساتھ۔ وہ تباہ کر رہے ہیں

اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٤٢﴾ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ ع ١٥ ٦

اپنے آپ کو۔ اور اللہ جانتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں● اللہ معاف کرے، تم نے

اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٤٣﴾

کیوں چھٹی دے دی انھیں، کہ آخر کھل جاتے سچے، اور پہچان لیتے جھوٹوں کو●

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا

چھٹی تم سے نہ لیں گے جو مانتے ہیں اللہ کو اور پچھلے دن کو، اپنے مال و جان سے

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٤﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ

جہاد کرنے سے، اور اللہ جانتا ہے اپنے ڈرنے والوں کو● چھٹی وہی مانگتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ

جو نہ اللہ کو مانیں، نہ قیامت کو مانیں، شک میں پڑے ہیں ان کے دل۔

فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ

تو وہ اپنے شک میں ہچکولے لیتے ہیں● اور اگر جانا چاہتے تو اس کا سامان کرتے،

عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ

لیکن اللہ ہی کو ان کا اٹھنا منظور نہ تھا، تو انھیں احدی کر دیا، اور کہہ دیا گیا کہ معذوری سے بیٹھنے والوں کے

الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَوْضَعُوْا

ساتھ تم بھی بیٹھ رہو● وہ لوگ اگر نکلتے تم میں، تو نہ بڑھاتے تم میں سوا نقصان کے، اور ضرور پگیں اڑاتے

خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

تم میں، چاہتے کہ تم میں فتنہ پڑ جائے۔ اور تم میں ان کی بات سننے والے ہیں۔ اور اللہ دانا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ

ان ظالموں کا● بے شک انھوں نے فتنہ مچانا چاہا پہلے، اور الٹا کئے تمہارے

الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ

کاموں کو، یہاں تک کہ حق آیا اور اللہ کی مرضی ظاہر ہوگئی، اور وہ ناک بھوں چڑھائے ہیں● اور

مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ

ان کے بعض کہتے ہیں کہ مجھے چھٹی دیجئے، اور فتنہ میں نہ ڈالئے۔ خبردار! وہ لوگ خود فتنہ میں گر

سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ اِنْ تُصِبْكَ

پڑے۔ اور بے شک جہنم کافروں پر گھیرا ڈالے ہے● اگر پہنچے تم کو

حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ

خیریت، تو انھیں برا لگے۔ اور اگر پہنچے مصیبت، تو کہیں کہ بے شک ہم نے بنا لیا تھا

اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ

اپنا معاملہ پہلے ہی سے۔ اور منہ پھیرے بڑے خوش● کہہ دو، کہ "ہرگز نہ پہنچے گا ہمیں،

اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

مگر جو لکھ دیا اللہ نے ہمارے لئے۔ وہ ہمارا مولیٰ ہے"۔ اور اللہ ہی پر تو مسلمانوں کا

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ

بھروسہ ہے● کہہ دو کہ ہمارے لئے کیا انتظار کرتے ہو بجز دو بھلائیوں میں ایک۔

وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ

اور ہم تمہارا انتظار کرتے ہیں اس کا، کہ مصیبت میں ڈالدے تمہیں اللہ، عذاب بھیج کر اپنے پاس سے

اَوۡ بِاَیۡدِیۡنَا ؕ فَتَرَبَّصُوۡۤا اِنَّا مَعَکُمۡ مُّتَرَبِّصُوۡنَ ﴿۵۲﴾ قُلۡ اَنۡفِقُوۡا

یا ہمارے ہاتھوں سے، تو تم انتظار کرتے رہو، ہم بھی تمہارے ساتھ منتظر ہیں● فیصلہ کردو کہ تم لوگ

طَوۡعًا اَوۡ کَرۡهًا لَّنۡ یُّتَقَبَّلَ مِنۡکُمۡ ؕ اِنَّکُمۡ کُنۡتُمۡ قَوۡمًا

خرچ کرو خوشی سے یا دباؤ سے، تم لوگوں سے قبول نہ کیا جائے گا۔ بے شک تم نافرمان لوگ

فٰسِقِیۡنَ ﴿۵۳﴾ وَمَا مَنَعَهُمۡ اَنۡ تُقۡبَلَ مِنۡهُمۡ نَفَقٰتُهُمۡ اِلَّاۤ اَنَّهُمۡ

تھے● اور نہیں ہے کوئی رکاوٹ ان کی کہ قبول کرلیا جائے ان کا خرچ کرنا، مگر یہ کہ انھوں نے

کَفَرُوۡا بِاللّٰهِ وَ بِرَسُوۡلِهٖ وَ لَا یَاۡتُوۡنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمۡ کُسَالٰی

کفر کیا اللہ اور رسول کے ساتھ، اور نہیں آتے نماز کو مگر بے جی کے، اور نہ

وَ لَا یُنۡفِقُوۡنَ اِلَّا وَهُمۡ کٰرِهُوۡنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعۡجِبۡکَ اَمۡوَالُهُمۡ وَ

خرچ کریں مگر دباؤ میں پڑ کر● تو تعجب میں نہ ڈالیں تم کو ان کے مال، نہ

لَاۤ اَوۡلَادُهُمۡ ؕ اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمۡ بِهَا فِی الۡحَیٰوةِ

اولاد۔ اللہ یہی چاہتا ہے کہ عذاب دے ان چیزوں سے دنیاوی زندگی میں،

الدُّنۡیَا وَ تَزۡهَقَ اَنۡفُسُهُمۡ وَهُمۡ کٰفِرُوۡنَ ﴿۵۵﴾ وَیَحۡلِفُوۡنَ بِاللّٰهِ

اور ان کا دم نکلے جب کہ وہ کافر ہی ہوں● اور قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی

اِنَّهُمۡ لَمِنۡکُمۡ ؕ وَمَا هُمۡ مِّنۡکُمۡ وَلٰکِنَّهُمۡ قَوۡمٌ یَّفۡرَقُوۡنَ ﴿۵۶﴾ لَوۡ

کہ وہ تم میں سے ضرور ہیں۔ حالانکہ وہ تم میں سے نہیں۔ ہاں وہ تم سے ڈرتے ہیں● اگر

یَجِدُوۡنَ مَلۡجَاً اَوۡ مَغٰرٰتٍ اَوۡ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوۡا اِلَیۡهِ وَهُمۡ

پا جائیں کوئی پناہ گاہ، یا سرنگ، یا سوراخ، تو ادھر جھک پڑتے، دوڑتے

یَجۡمَحُوۡنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّلۡمِزُکَ فِی الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنۡ

ہوئے● اور ان میں کوئی ہے، کہ نکتہ چینی کرتا ہے تم پر صدقات میں، چنانچہ

اُعۡطُوۡا مِنۡهَا رَضُوۡا وَ اِنۡ لَّمۡ یُعۡطَوۡا مِنۡهَاۤ اِذَا هُمۡ یَسۡخَطُوۡنَ ﴿۵۸﴾

اگر ان کو دیا گیا تو خوش ہوگئے، اور اگر نہیں دیا گیا تو خفا ہیں●

وَلَوۡ اَنَّهُمۡ رَضُوۡا مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوۡلُهٗ ۙ وَقَالُوۡا حَسۡبُنَا اللّٰهُ

کاش وہ خوش ہوجاتے جو دیدیا تھا ان کو اللہ اور اس کے رسول نے۔ اور کہتے کہ کافی ہے ہمیں اللہ،

سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ رَسُوْلُهٗۤ اِنَّاۤ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾

بہت جلد دے گا ہمیں اللہ اپنے فضل سے، اور اس کا رسول۔ بے شک ہم اللہ کی طرف راغب ہیں●

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَ الْمَسٰكِيْنِ وَ الْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا

صدقات تو مالک بنا دینا ہے، صرف فقیروں کو، اور ناداروں کو، اور جو تحصیلنے کو عامل اس پر ہیں۔

وَ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَ فِي الرِّقَابِ وَ الْغٰرِمِيْنَ وَ فِيْ سَبِيْلِ

اور جن کے دل کو لگائے رکھنا ہے، اور غلام کو آزاد کرنے میں، اور قرض داروں کو، اور اللہ کی راہ میں،

اللّٰهِ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾

اور حاجت مند مسافروں کو۔ یہ اللہ کی طرف سے مقرر ہے۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے●

وَ مِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَ يَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ

اور ان میں کوئی ہیں کہ دکھ دیتے ہیں آنحضرت کو، اور کہتے ہیں "کہ وہ تو کان کے ہلکے ہیں"۔ جواب

اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ يُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ رَحْمَةٌ

دیدو" کہ تمہارے بھلے کو کان کے ہلکے ہیں"، مانتے ہیں اللہ کو اور مان جاتے ہیں ایمان والوں کی بات کو، اور سراپا رحمت

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ

انکے لئے جو ایمان لا چکے تم میں سے۔ اور جو دکھ دیں رسول اللہ کو، انکے لئے دکھ دینے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَ اللّٰهُ

والا عذاب ہے● اللہ کی قسمیں تم سے کھاتے ہیں، کہ تم کو راضی کر لیں۔ اور اللہ

وَ رَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾

اور اس کا رسول زیادہ حق دار ہے کہ اس کو راضی کرتے، اگر مانتے ہوتے●

اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ

کیا انھوں نے یہ نہ جانا، کہ جو مخالفت کرے اللہ اور اس کے رسول کی، تو اس کے

نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٣﴾

لئے جہنم کی آگ ہے، ہمیشہ رہنے والا اس میں۔ یہ بڑی رسوائی ہے●

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا

ڈرتے رہتے ہیں منافق لوگ، کہ اتاری جائے ان مسلمانوں پر کوئی سورت، جو بتا دے انھیں جو منافقوں

فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾

کے دل میں ہے۔ کہہ دو کہ اڑاؤ ٹھٹھا، بیشک اللہ سامنے لانے والا ہے وہ جس کو ڈرا کرتے ہیں●

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ

اور اگر ان سے جواب طلب کرو، تو ضرور کہیں گے "کہ ہم تو بس گپ لڑاتے اور کھیل رہے تھے"۔ حکم دیدو

اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا

"کہ کیا اللہ سے اور اس کی آیتوں سے اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کر رہے تھے؟● بات نہ بناؤ

قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ

بے شک تم کافر ہو گئے مسلمان ہونے کے بعد"۔ اگر ہم معافی دیں تم میں سے کچھ کو

نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَ ع ١٤

تو عذاب بھی دیں گے بعض کو، کیوں کہ وہ اصل مجرم تھے● منافق مرد و

الْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَ

عورت سب ایک دوسرے سے ہیں۔۔۔۔ حکم دیں برائی کا، اور

يَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ

روکیں نیکی سے، اور بند رکھیں اپنی مٹھی۔ وہ سب بھول گئے اللہ کو،

فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللّٰهُ

تو اللہ بے پرواہ ہو گیا ان سے۔ بے شک منافق لوگ نافرمان ہیں● وعدہ فرمالیا اللہ نے

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

منافق مرد و عورت اور کافروں سے جہنم کی آگ کا، ہمیشہ رہا کریں اس میں۔

هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِيْنَ

وہی انھیں کافی ہے۔ اور پھٹکار دیا انکو اللہ نے۔ اور انکے لئے دائمی عذاب ہے● جس طرح وہ، جو تم لوگوں

مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّ

سے پہلے تھے، تم سے زیادہ زوردار تھے، اور زیادہ مال دار، اور

اَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ

اولاد والے، تو وہ رہے سہے اپنی تقدیر کے موافق، پھر تم رہنے سہنے لگے اپنی تقدیر کے موافق۔

كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ

جس طرح رہن سہن کی تھی تم سے پہلوں نے اپنی تقدیر بھر، اورتم نے بیہودہ باتیں اڑائیں جس طرح وہ بیہودہ باتیں اڑانے والے

كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

چکے۔ وہ ہیں کہ اکارت ہوگئے ان کے عمل دنیا

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ

و آخرت میں۔ اور وہی ہیں دیوالیہ مارے● کیا نہیں آئی ان تک خبر ان کی

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ

جو ان سے پہلے تھے، قوم نوح و عاد و ثمود۔ و قوم

اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

ابراہیم و اہل مدین، اور تہ و بالا کی گئیں بستیاں۔ اُن کے یہاں اُن کے

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

رسول لے کر آئے روشن دلیلیں، تو اللہ نہیں ہے کہ ان پر ظلم کرے، لیکن وہ

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ

خود اپنے اوپر ظلم کرتے تھے● اور سارے مسلمان مرد وعورت ایک دوسرے کے

اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

دوست ہیں۔۔۔ حکم دیں نیکی کا اور روکیں برائی سے، اور قائم

وقف لازم

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ

رکھیں نماز کو، اور دیں زکوٰۃ، اور کہا مانیں اللہ کا

وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾

اور اس کے رسول کا۔ وہ ہیں کہ بہت جلد رحمت فرمائے گا ان پر اللہ، بیشک اللہ غالب ہے حکیم ہے●

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

وعدہ فرمالیا اللہ نے مسلمان مرد و عورت سے جنتوں کا، کہ بہتی ہیں جن

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ

کے نیچے نہریں، ہمیشہ رہیں اس میں، اور پاکیزہ گھر کا، رہنے کے باغوں

ع ٩ ١٥

عَدْنٍ ؕ وَ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٧٢﴾

میں۔ اوراللہ کی رضامندی سب سے بڑی ہے۔ یہی بڑی کامیابی ہے●

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ اغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ

اے آنحضرت! جہادکرو کافروں سےاورمنافقوں سے، اورسختی برتو ان پر۔

وَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٣﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

اور ان کاٹھکانہ جہنم ہے۔ اور بری جگہ ہے● قسم کھاتے ہیں اللہ کی، کہ کچھ خلاف

مَا قَالُوْا ؕ وَ لَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ

بات نہیں کہی، حالانکہ ضرور بک دیا ہے کفر کی بولی، اورکافر ہوگئے اپنے اسلام لانے کے بعد،

وَ هَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَ مَا نَقَمُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ

اورقصد کیااس کا جس کو پایا نہیں۔ اورنہیں برا لگا ان کو مگر یہی، کہ دھنی بنادیا ان کو اللہ نے،

وَ رَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ

اوراللہ کے رسول نے، اپنے فضل سے۔ تو اگر توبہ کرڈالیں توان کا بھلا ہوگا۔

وَ اِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي الدُّنْيَا وَ

اوراگرمنہ پھیریں، توعذاب فرمائے گا ان پر اللہ، دکھ والا عذاب۔ دنیا و

الْاٰخِرَةِ ۚ وَ مَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾ وَ

آخرت میں۔ اورنہیں ہوگا ان کا ساری زمین میں کوئی یاور و مددگار● اور

مِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ

ان کے بعض نے منت مانی تھی، کہ اگر دیا ہم کو اللہ نے اپنے فضل سے، تو ہم ضرور خیرات کریں

وَ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ

گے، اور ہوجائیں گے لیاقت مند● توجب اللہ نے ان کو دیا اپنے فضل سے

بَخِلُوْا بِهٖ وَ تَوَلَّوْا وَّ هُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا

توکنجوسی اس میں کی، اور پھر گئے منہ پھیرے● تو اس کے پیچھے اللہ نے نفاق ڈال دیا

فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا

ان کے دلوں میں، اس دن تک کہ اس سے ملیں گے۔ کیونکہ انھوں نے اللہ سے خلاف کیا، جو اس

وَعَدُوْهُ وَ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

سے منت کر چکے تھے، اور اسلئے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے ● کیا انھوں نے نہ جانا، کہ بے شک اللہ

يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَ نَجْوٰىهُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾ اَلَّذِيْنَ

جانے ان کے بھید کو، اور ان کی سرگوشی کو، اور بیشک اللہ سارے غیب کا بڑا جاننے والا ہے ● جو لوگ

يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَ

پھبتی اڑاتے ہیں فرماں بردار ایمان والوں کی خیرات کرنے میں، اور

الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ

ان کی جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت مزدوری بھر، تو ان سے مسخرا پن کرتے ہیں۔ اللہ سمجھے

اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا

ان کے مسخرا پن کو۔ اور انکے لئے دکھ والا عذاب ہے ● ان کی نجات کے لئے تم شفاعت کرو یا

تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ

نہ کرو۔ اگر ستر مرتبہ کرو گے تو بھی

يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ

اللہ نہ بخشے گا ان کو۔ یہ اس لئے کہ انھوں نے کفر کیا اللہ اور اس کے رسول سے۔

وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ ع ۱۰ ۱۶

اور اللہ راہ نہیں دیتا سرکش قوم کو ● خوش ہو گئے جو پیچھے

بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ كَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا

بیٹھے رہ گئے، رسول اللہ کے جانے کے بعد، اور ناگوار جانا اس کو کہ جہاد کریں

بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ قَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا

اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں، اور بکنے لگے "کہ گرمی میں

فِي الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۱﴾

کوچ نہ کرو" کہہ دو، کہ "جہنم کی آگ زیادہ گرم ہے"، اگر سمجھیں ●

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّ لْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا

تو ہنسیں کم اور روئیں زیادہ۔ سزا ہے جو

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ

وہ کما چکے تھے● پھر اگر واپسی فرمادی تمہاری اللہ نے ان میں سے کسی ٹولی کی طرف،

فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّ

پھر انھوں نے اجازت مانگی تم سے جہاد کیلئے نکلنے کی، تو جواب دینا کہ مت نکلو میرے ساتھ کبھی، اور

لَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ

مت جنگ کرو میرے ہمراہ کسی دشمن سے۔ تم پسند کر چکے بیٹھے رہنے کو پہلی مرتبہ،

مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ

تو اب بیٹھے رہا کرو مجبوروں کے ساتھ● اور نمازِ جنازہ، ان میں سے کوئی

مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

مرجائے، تو کبھی نہ پڑھنا، اور نہ ان کی قبر پر کھڑے ہونا۔ بیشک انھوں نے کفر کیا اللہ سے اور اسکے رسول سے،

وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ

اور مرے نافرمان● اور تم کو ان کے مال و اولاد پر تعجب نہ ہو۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ

اللہ یہی چاہتا ہے کہ عذاب میں ڈالے اس سے انھیں دنیا میں، اور ان کا

اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا

دم نکلے اور وہ کافر ہوں اور اتاری گئی جب کوئی سورت، کہ مان جاؤ

بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ

اللہ کو اور جہاد کرو اس کے رسول کے ہمراہ، تو چھٹی مانگنے لگے ان میں سے مقدور والے،

وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ

اور بولے کہ ہم کو چھوڑ دیجئے مجبوروں کے ساتھ● ان کی خوشی ہے کہ پسماندہ

الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾ لٰكِنِ

عورتوں کے ساتھ ہوں، اور مُہر کر دی گئی ہے ان کے دلوں پر، تو وہ سمجھتے ہی نہیں● لیکن

الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ

رسول اور ان کے ساتھی سارے مسلمانوں نے جہاد کیا، اپنے مال و جان سے۔

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨٨﴾ اَعَدَّ

اور انھیں کیلئے بھلائیاں ہیں۔ اور وہی کامیاب ہیں ● تیار

اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

فرمادیا اللہ نے انکے لئے جنتیں، کہ بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، ہمیشہ رہنے والے اس میں۔

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٨٩﴾ ع وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ ع ۱۱

یہی بڑی کامیابی ہے● اور آئے بات بنانے والے دیہاتی،

لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ

کہ ان کو چھٹی دی جائے، اور بیٹھ رہے جنھوں نے جھٹلایا اللہ اور اس کے رسول کو، بہت جلد پہنچے گا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩٠﴾ لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ

ان کافروں کو دکھ والا عذاب● نہیں ہے ضعیفوں پر

وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ

اور نہ بیماروں پر، اور نہ ان پر، جو نہ پائیں وہ جس کو خرچ کریں،

حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ

کوئی الزام، جبکہ وہ خیر خواہ رہیں اللہ اور اس کے رسول کے۔ مخلص لوگوں پر کوئی گرفت نہیں۔

سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩١﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ

سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩١﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ

اور اللہ غفور رحیم ہے● اور نہ انھیں پر، جو تمہارے پاس آئے تھے

لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۖ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ

کہ انھیں سواری دیجیے، تم نے جواب دیا تھا "کہ میرے پاس سواری نہیں"۔ وہ لوٹے اور ان کی آنکھیں

تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ

بہتی ہیں آنسو سے، غمگین اس پر، کہ نہیں پاتے جو خرچ کریں● پکڑ کی راہ

عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا

ان پر ہے، جو چھٹی مانگیں تم سے اور خود مالدار ہیں۔ وہ خوش ہیں کہ رہ جائیں

مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾

پردہ والی عورتوں کے ساتھ۔ اور چھاپ لگادی اللہ نے ان کے دلوں پر، تو وہ جانتے ہی نہیں●